ADA Australia
Your aged and disability advocates

آپ کے لیے بڑھاپے میں مدد کی سروس

مفت اور رازدارانہ
آپ کے تجربات، آپ کی رائے

(اردو/Urdu)

- کیا آپ ایک معمّر شخص ہیں اور آپ کو گھر میں کچھ مدد کی ضرورت ہے؟
- کیا آپ معمّر افراد کے لیے نگہداشتی سروسز کے متعلق جانتے ہیں؟
- کیا آپ کو بڑھاپے میں نگہداشت کی سروسز حاصل کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے؟
- کیا آپ کو بڑھاپے میں نگہداشت کی موجودہ سروس کے ساتھ کوئی مسئلہ ہو رہا ہے؟

آسٹریلیا میں معمّر افراد کو بڑھاپے میں نگہداشت کی خدمات اور مدد لینے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو کئی طریقوں سے مدد مل سکتی ہے۔ ممکن ہے آپ:

- گھر میں نگہداشت حاصل کر سکیں تاکہ آپ کو اپنے گھر میں خودمختارانہ زندگی گزارنے میں مدد ملے
- مختصر مدت کی نگہداشت حاصل کر سکیں تاکہ آپ حادثے یا بیماری کے بعد پھر سے اپنے پیروں پر کھڑے ہو جائیں
- جب مزید گھر میں نہ رہ سکتے ہوں تو آپ کو معمّر افراد کے کیئر ہوم میں جگہ مل جائے۔

ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں؟

ADA Australia ایسے ایڈووکیٹس یعنی حمایتی کارکن دلاتی ہے جو آپ کو:

- یہ جاننے میں مدد دیتے ہیں کہ کونسی خدمات دستیاب ہیں
- نگہداشت اور مدد کی خدمات حاصل کرنے میں مدد دیتے ہیں
- اپنی نگہداشتی سروسز سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے میں مدد دیتے ہیں
- بڑھاپے میں نگہداشت کے اخراجات اور فیسوں کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں
- آپ کی نگہداشتی خدمات کے ساتھ مسائل یا شکایات دور کرنے میں مدد دیتے ہیں
- آپ کے حقوق سمجھنے میں مدد دیتے ہیں اور یقینی بناتے ہیں کہ آپ کے ساتھ احترام اور انصاف کا سلوک ہو
- اپنی نگہداشت اور اپنے معاملات میں خود رائے دینے کا موقع دلاتے ہیں

ایڈووکیسی کا کیا مطلب ہے؟

ایڈووکیسی سے آپ کو اپنی خواہشات کے اظہار اور اپنے حقوق اور ضروریات کے لیے آواز اٹھانے میں مدد ملتی ہے۔ ADA Australia کا ایڈووکیٹ ایک غیر جانبدار شخص ہوتا ہے جو آپ کی صورتحال سن سکتا ہے اور مسائل حل کرنے کے لیے آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

ایڈووکیٹ آپ کا حمایتی ہوتا ہے اور آپ کی خواہشات کی روشنی میں کام کرتا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ وہ آپ کی پرائیویسی کا تحفظ کرے گا اور آپ کی مرضی کے بغیر کسی سے بات نہیں کرے گا۔

ہماری خدمات:

- مفت، رازدارانہ اور خودمختارانہ ہیں
- اور آپ کی ہدایات کے مطابق چلتی ہیں

ہم سے بات کریں
1800 700 600

Interpreter
اگر آپ کو انٹرپریٹر یعنی زبانی مترجم کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر کال کریں۔

ای میل: info@adaaustralia.com.au
ویب سائیٹ: www.adaaustralia.com.au

ADA Australia اس زمین کے روایتی نگہبانوں کو تسلیم کرتا ہے اور ماضی، حال اور مستقبل کے بزرگوں کو سلام پیش کرتا ہے۔